euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

An Roinn Dlí agus Cirt,
Gnóthaí Baile agus Imirce
Department of Justice,
Home Affairs and Migration

آئرلینڈ

# آپ کو
# EURODAC کے متعلق
# کیا جاننے کی ضرورت ہے





URDU

## مجھے یہ کتابچہ کیوں مل رہا ہے؟

آپ کو یہ کتابچہ اس لئے مل رہا ہے کیونکہ حکام کو آپ کا بائیومیٹرک ڈیٹا حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔



بائیومیٹرک ڈیٹا کا مطلب ہوتا ہے آپ کی انگلیوں کے نشانات اور آپ کی تصویر۔



اس ڈیٹا کو آپ کی شناختی معلومات اور دیگر متعلقہ معلومات کے ساتھ Eurodac ڈیٹا بیس بھیجا جائے گا۔

اس کتابچے میں بتایا گیا ہے کہ اس پراسیس کے دوران آپ کو کیا حقوق حاصل ہیں اور آپ سے کیا توقع رکھی جاتی ہے۔

## EURODAC کیا ہے؟

Eurodac ایک یورپی ڈیٹا بیس ہے، جس میں +EU ممالک میں داخل ہونے والے مخصوص زمروں سے تعلق رکھنے والے افراد کے متعلق معلومات کو ذخیرہ کیا جاتا ہے اور ان معلومات کا موازنہ کیا جاتا ہے۔ اس کتابچے میں ان زمرہ جات کی تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔

31 +EU ممالک اس ڈیٹا بیس کا استعمال کرتے ہیں اور آپ کے ڈیٹا کو پراسیس کر کے آپ کی معلومات بازیاب کرتے ہیں۔ اگر آپ بغیر اجازت کسی دوسرے +EU ملک جاتے ہیں اور دوبارہ آپ کا ڈیٹا حاصل کیا جاتا ہے، تو اس ملک کے حکام Eurodac میں ذخیرہ کردہ آپ کا تمام ڈیٹا دیکھ سکیں گے۔ بعض صورتوں میں، آپ کے ڈیٹا میں نئی معلومات شامل کی جائے گی۔

## +EU ممالک کونسے ہیں؟

**اب آپ آئرلینڈمیں ہیں، جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**

- یورپی یونین ( EU) کے 27 رکن ممالک: آسٹریا، بیلجیئم، بلغاریہ، کروشیا، قبرص، چیکیا، ڈنمارک، ایسٹونیا، فن لینڈ، فرانس، جرمنی، یونان، ہنگری، آئرلینڈ، اٹلی، لٹویا، لتھوانیا، لکسمبرگ، مالٹا، نیدرلینڈ، پولینڈ، پولینڈ، پولینڈ، پولینڈ، پولینڈ سلووینیا، اسپین، سویڈن اور
- 4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لیچٹنسٹائن، ناروے۔

## EURODAC کا کیا مقصد ہے؟

Eurodac کے پانچ بنیادی مقاصد ہیں:

- +EU ممالک کو یہ فیصلے کرنے میں مدد دینا کہ بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کس ملک کی ہے
- +EU ممالک میں باضابطہ اور بے ضابطہ ہجرت کی نگرانی میں مدد دینے کے لئے
- قومی حکام کے درمیان معلومات کے اشتراک اور جرائم اور دہشت گردی کی روک تھام کے لئے
- اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ یورپ میں پہنچنے والے بچوں کا سراغ لگانا اور تحفظ ممکن ہو
- اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ویزا جیسے پہلوؤں کے متعلق معلومات رکھنے والے دوسرے یورپی ڈیٹا بیس صحیح سے کام کر رہے ہیں۔



## EURODAC میں کس کا ڈیٹا ذخیرہ کیا جاتا ہے؟

Eurodac میں ان افراد کا ڈیٹا موجود ہوتا ہے، جو +EU ملک کے شہری نہیں ہیں، اور:

- جنھوں نے بین الاقوامی تحفظ کے لئے اپلائی کیا ہے
- جنھوں نے بغیر اجازت کسی +EU ملک کی سرحد پار کی ہے
- جنہیں سمندر میں بچائے جانے کے بعد کسی +EU ملک میں اتارا گیا ہے
- جو غیر قانونی طور پر کسی +EU ملک میں رہ رہے ہیں
- جو کسی انسان دوست داخلے کے پروگرام، یورپی یونین کی آبادکاری کے پروگرام، یا قومی آبادکاری کے پروگرام کے ذریعے کسی +EU ملک آئے تھے
- جنہیں عارضی تحفظ دیا گیا ہے۔

## میرا ڈیٹا کون دیکھ سکتا ہے؟

اس EU+ ملک میں قومی پناہ کے حکام آپ کا بائیومیٹرک ڈیٹا حاصل کر کے اسے دوسرے متعلقہ ڈیٹا سمیت Eurodac بھیجیں گے، اور انہیں موازنے کا نتیجہ موصول ہوگا۔

یورپی یونین کی ایجنسی برائے قانون کے نفاذ کا تعاون اور پولیس سنگین جرائم اور دہشت گردی کی روک تھام، نشاندہی اور تفتیش کے لئے Eurodac تک رسائی کی درخواست کر سکتے ہیں۔ وہ Eurodac میں آپ کا ڈیٹا تلاش کر سکتے ہیں۔

**اہم!** آپ کے ملک کے حکام ان معلومات تک رسائی نہیں کر پائیں گے۔

## اگر میں انگلیوں کے نشانات دینے سے انکار کروں، تو کیا ہوگا؟



قانون کے تحت، آپ کے لئے اپنا بائیومیٹرک ڈیٹا فراہم کرنا ضروری ہے۔

آپ کی انگلیوں کے نشانات کیوں ضروری ہیں، اس کے پیچھے بہت اہم وجوہات ہیں۔ اگر آپ نے پناہ کے لئے اپلائی کیا ہے، تو یہ اس پراسیس کا بہت ضروری مرحلہ ہے۔

انگلیوں کے نشانات کے ڈیٹا سے EU+ ممالک میں مقیم رشتہ داروں کا سراغ لگانے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

اگر آپ کی انگلیوں کو کسی قسم کا نقصان پہنچا ہو، تو آپ کی انگلیوں کے نشانات بعد میں لئے جائیں گے۔

اگر آپ جان بوجھ کر اپنی انگلیوں کے نشانات خراب کرتے ہیں، تو منفی نتائج سامنے آئیں گے۔

مثال کے طور پر، اگر آپ نے پناہ کے لئے اپلائی کیا ہے، تو ہو سکتا ہے کہ اس پراسیس کو روک دیا جائے۔

اگر آپ کے کیس میں پراسیس کو روک دیا جائے، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کو مزید درخواست گزار (پناہ تلاش کرنے والا) تصور نہیں کیا جائے گا۔ آپ اس وقت اور آگے چل کر اس حیثیت سے منسلک تمام حقوق سے محروم ہو جائیں گے۔

EU+ ممالک کے حکام آپ کا بائیومیٹرک ڈیٹا حاصل کرنے کے لئے آخری حربے کے طور پر جبر کا استعمال کر سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ وہ آپ کی شناخت کے تعین یا تصدیق کے لئے آخری حربے کے طور پر آپ کو تحویل میں بھی لیں۔

اگر آپ اس ملک کے حکام کو اپنی انگلیوں کے نشانات کا ڈیٹا فراہم کرنے سے انکار کریں، تو مخصوص نتائج سامنے آئیں گے۔

اس ملک میں حکام کو آپ کے فنگر پرنٹ کا ڈیٹا فراہم کرنے سے انکار انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس کے لیے بین الاقوامی تحفظ کے لیے آپ کی درخواست کو واضح طور پر واپس لینے کی بنیاد ہے۔

## میرے EURODAC ڈیٹا کے حوالے سے میرے کیا حقوق ہیں؟

ہر EU+ ملک میں ایک ادارہ ہوتا ہے جو ڈیٹا کے استعمال کو کنٹرول کرتا ہے۔ آپ ڈیٹا کنٹرولر اور ڈیٹا کے تحفظ کے افسر سے رابطہ کر کے Eurodac میں ذخیرہ کردہ اپنے ڈیٹا تک رسائی کا حق رکھتے ہیں۔

آپ مندرجہ ذیل صورتوں میں اپنے معلومات کی درستی کی درخواست کر سکتے ہیں:

- آپ سمجھتے ہیں کہ ڈیٹا غلط ہے اور اسے درست کرنے کی ضرورت ہے
- آپ سمجھتے ہیں کہ ڈیٹا نامکمل ہے اور اس میں تجدید کرنے کی ضرورت ہے

آپ اس صورت میں اپنی معلومات کو حذف کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ

- انہیں Eurodac میں غیر قانونی طور پر درج کیا گیا ہے۔

اس کتابچے کے آخری صفحے پر، **'دیگر مفید معلومات'** نام کے سیکشن میں ڈیٹا کنٹرولر اور ڈیٹا تحفظ کے افسر سے رابطے کی تفصیلات موجود ہیں۔

اگر آپ اپنے ڈیٹا کے استعمال کے متعلق رسمی طور پر شکایت درج کرنا چاہتے ہیں، تو آپ قومی نگران کار حکام سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اس کتابچے کے آخری صفحے پر قومی نگران کار حکام سے رابطے کی تفصیلات موجود ہیں۔

# دیگر مفید معلومات

## ڈیٹا کنٹرولر کے دفتر سے رابطے کی تفصیلات کے متعلق معلومات

اس ملک کے ڈیٹا کنٹرولر کے دفتر اور ڈیٹا کے تحفظ کے افسر سے رابطہ کرنے کی معلومات نیچے موجود ہیں۔

ڈیٹا کنٹرولر آپ کو بتا سکتے ہیں کہ Eurodac میں آپ کا کونسا ذاتی ڈیٹا ذخیرہ کیا گیا ہے۔ اگر آپ کے ذاتی ڈیٹا کو درست طور پر ذخیرہ نہیں کیا گیا ہے تو آپ اس کی درستی کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے ڈیٹا کا غیر قانونی استعمال ہوا ہے تو آپ مندرجہ ذیل رابطے کی معلومات کے ذریعے درخواست کر سکتے ہیں کہ اس معلومات کو حذف کیا جائے۔

ڈیٹا کنٹرولر کے رابطے کی تفصیلات یہ ہیں:

International Protection Office, Immigration Service Delivery,

79-83 Lower Mount Street, Dublin 2, D02 ND99

contact@ipo.gov.ie

## ڈیٹا کے موضوع کے حقوق کے متعلق معلومات

اس ملک میں آپ اپنے ذاتی ڈیٹا کے استعمال کے حوالے سے مندرجہ ذیل حقوق رکھتے ہیں۔

آپ کے ڈیٹا کے تحفظ کے حقوق سے متعلق تفصیلات محکمہ انصاف، ہوم افیئرز اور مائیگریشنز ڈیٹا پروٹیکشن پالیسی میں دستیاب ہیں۔

https://assets.gov.ie/static/documents/department-of-justice-data-protection-policy.pdf

آپ محکمہ انصاف، امور داخلہ اور ہجرت کے لیے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے ای میل کے ذریعے رابطہ dataprotectioncompliance@justice.ie کر سکتے ہیں:

## قومی نگراں کار حکام سے رابطے کی تفصیلات کے متعلق معلومات

آپ مندرجہ ذیل معلومات استعمال کرتے ہوئے اس ملک کے قومی نگران کار حکام سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کا غیر قانونی طور پر استعمال ہوا ہے، تو آپ قومی نگران کار حکام سے رسمی طور پر شکایت کر سکتے ہیں۔

ڈیٹا پروٹیکشن کمیشن کے رابطے کی تفصیلات یہ ہیں: 6 Pembroke Row, Dublin 2, D02 X963

یا آپ ان سے آن لائن https://forms.dataprotection.ie/contact پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

An Roinn Dlí agus Cirt,
Gnóthaí Baile agus Imirce
Department of Justice,
Home Affairs and Migration

euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار تھرڈ پارٹی کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025